انڈو یجوئل لینڈ

انفرادی آزادی کے لئے کوشاں

# جھل مگسی

## کیا آپکو معلوم ہے؟

- آپ کے ضلع میں تعلیم کے شعبے کے لیے کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟
- صحت کی مد میں مختص کیئے جانے والے بجٹ کا استعمال کس طرح ہو رہا ہے؟
- امن وامان کی مد میں مختص کیا گیا بجٹ ضروریات کے مطابق ہے یا نہیں؟
- پانچ اہم شعبوں صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کی مد میں کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟



## امن وامان:

- ضلع میں بدعنوانی کے خلاف مہم چلانے کی ضرورت ہے۔
- ضلعی سطح پر زیادہ چیک پوسٹیں موجود ہونی چاہیئں ۔
- امن وامان کے ملازمین کی تعداد میں اضافہ کیا جانا چاہیئے۔
- پولیس اور لیویز کے ملازمین کو رہائشی سہولیات فراہم کی جانی چاہیئں ۔
- پولیس اور لیویز کے گشت کے لئے بجٹ مختص کیا جانا چاہیئے۔
- پولیس اور لیویز کو تربیت فراہم کی جانی چاہیئے۔
- اس ضلع کو امن وامان کے لئے مختص کئے جانے والے بجٹ میں اضافہ کیا جانا چاہیئے۔

## خواتین کی ترقی:

- یونین کونسل کی سطح پر خواتین کو آسان اقساط پر قرضے فراہم کیئے جانے چاہیئں ۔
- خواتین کے لئے سلائی مراکز قائم کرنے کی ضرورت ہے۔
- کڑھائی کو فروغ دینے کے لئے ہر تحصیل میں تربیتی مراکز قائم ہونے چاہیئں ۔
- روزی کمانے کے لئے خواتین کو مال مویشی فراہم کیئے جانے چاہیئں ۔
- خواتین کی ترقی کے لئے مختص کیا گیا بجٹ بہت کم ہے اس میں اضافہ کیا جانا چاہیئے۔

## نوٹ:

**مندرجہ بالا تمام مطالبات جھل مگسی کے شہریوں نے ضلعی بجٹ کا موازنہ اور تجزیہ کرنے اور تحقیق کے بعد اپنی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے پیش کیے ہیں۔ان ضروریات کا مطالبہ انڈو یجوئل لینڈ کی جانب سے نہیں کیا گیا۔**


Find us

Individualland

Individualland

Tel: 051-2253438

contact@individualland.com

www.individualland.com


## امن وامان:

- سوشل آڈٹ ٹیم رکن کے مطابق دیگر اخراجات اور افسران کی تنخواہوں کے لئے مختص کیا گیا بجٹ ناکافی ہے۔

## 'شہریوں کا بجٹ' تشکیل دینا

ضلعی بجٹ کی تقسیم کا تجزیہ کرنے کے بعد، جھل مگسی کے لوگوں نے خود اپنا بجٹ پیش کیا۔ان کی جانب سے جن ترجیحات کو نمایاں کیا گیا وہ یہ ہیں:

## صحت:

- عملے کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔
- ۱۳ یونین کونسلوں میں ایمبولینسیں فراہم کی جانی چاہیئں ۔
- ڈی ایچ کیو (گانڈواہ) اور آر ایچ سی (جھل مگسی) میں تمام سہولیات فراہم کی جانی چاہیئں ۔
- پاگل کتے کے کاٹنے کی ویکسینز ضلع میں فراہم کی جانی چاہیئے۔
- بنیادی مراکز صحت کو ادویات اور ویکسینز فراہم کی جانی چاہیئے۔
- بنیادی مراکز صحت میں کوارٹرز بنانے چاہیئں ۔
- شہری ضلعی سطح پر ایک بلڈ بینک چاہتے ہیں۔

## تعلیم:

- لڑکیوں کے لئے مزید اسکولز ہونے چاہیئں ۔
- اسکولوں میں فرنیچر فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔
- اسکولوں کے موجودہ انفراسٹرکچر کو مرمت کروانا چاہیئے۔
- تعلیم کی اہمیت کے بارے میں آگاہی مہم کا آغاز کیا جانا چاہیئے۔
- اسکولوں میں مزید خواتین ٹیچرز بھرتی کرنی چاہیئں ۔
- دیہاتوں میں اسکول کی عمارتیں تعمیر کی جانی چاہیئں ۔

بجٹ کی تمام تفصیلات جاننا آپ کا حق ہے کیونکہ بجٹ کے لیے مختص کی جانے والی رقم آپ کے ادا کیے گئے ٹیکسوں کے ذریعے جمع کی جاتی ہے۔

ہم میں سے بہت سے لوگ اس بات سے ناواقف ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کس طرح ایک ضلع میں رقم خرچ کرتی ہے۔تاہم انڈویجوئل لینڈ پاکستان نے "بلوچستان میں بہتر گورننس اور احتساب کے لئے عوامی شرکت" کے نام سے بلوچستان کے بارہ اضلاع میں ایک مہم کا آغاز کیا ہے جس کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ضلعی بجٹ کے بارے میں شہریوں میں آگاہی پیدا کرنا
- ضلعی انتظامیہ کے اخراجات کا تجزیہ کرنے کے لئے شہریوں کو متحرک کرنا
- ضلع کے شہریوں کے تعاون سے "شہریوں کا بجٹ" تشکیل دینا

## ۲۰۱۴-۲۰۱۵ کا بجٹ

صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر وترقی کے شعبوں میں مختص کیے گئے بجٹ کی تفصیلات یہ ہیں۔

### برائے صحت:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| صحت کا کل بجٹ | ۱۳۳،۸۹۲،۶۰۰روپے | ۱۷۷،۴۹۳،۷۰۰روپے |
| ضلعی ہیلتھ آفیسر | ۱۰۷،۵۱۹،۷۰۰روپے | ۱۳۴،۷۳۶،۶۰۰روپے |
| ضلعی ہیلتھ کوارٹر | ۲۶،۳۷۲،۹۰۰روپے | ۴۲،۷۵۷،۱۰۰روپے |

### برائے تعلیم:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| تعلیم کا کل بجٹ | ۱۳۹،۱۲۹،۰۰۰روپے | ۱۶۳،۷۸۵،۷۰۰روپے |
| انتظامی امور اور معائنہ | ۲۷،۷۰۹،۲۰۰روپے | ۳۰،۳۳۶،۰۰۰روپے |
| ثانوی تعلیم | ۹۵،۳۵۷،۴۰۰روپے | ۱۱۶،۶۸۷،۳۰۰روپے |
| گورنمنٹ انٹر کالج برائے طلباء | ۱۶،۰۶۲،۴۰۰روپے | ۱۶،۷۶۲،۴۰۰روپے |

### برائے تعمیر وترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۱۱۰،۴۶۷،۰۰۰روپے | ۱۳۱،۷۶۱،۴۳۴روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای کے لئے سول ورکس | ۱۵،۵۱۱،۰۰۰روپے | ۷،۹۴۷،۳۰۰روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر/ صوبائی بی اینڈ آر کے لئے سول ورکس | ۹،۵۲۴،۴۰۰ روپے | ۱۱،۱۲۰،۸۱۶روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر۔II / صوبائی بی اینڈ آر | ۸۱،۴۳۱،۶۰۰روپے | ۹۳،۶۹۳،۳۱۸روپے |
| اے۔ون کی سڑک | ۴،۰۰۰،۰۰۰روپے | ۴،۰۰۰،۰۰۰روپے |

### برائے امن وامان:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۱۹۹،۱۹۹،۷۰۰روپے | ۲۳۰،۷۳۳،۹۰۰روپے |
| لیویز | ۲۹،۴۹۰،۲۰۰روپے | ۱۲۲،۶۵۲،۱۰۰روپے |
| پولیس | ۵۷،۳۵۱،۸۰۰روپے | ۳۷،۷۸۹،۶۰۰روپے |
| عام انتظامی امور | ۲۹،۴۹۰،۲۰۰ روپے | ۳۳،۳۳۷،۷۰۰روپے |

### خواتین کی ترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۳،۷۸۵،۹۰۰ روپے | ۴،۰۶۹،۹۰۰ روپے |
| کاٹن اور سلک کھڈی مرکز | ۲،۲۷۸،۶۰۰روپے | ۲،۴۵۷،۷۰۰روپے |
| چمڑے پر کڑھائی کا مرکز | ۱،۵۰۷،۳۰۰روپے | ۱،۶۱۲،۲۰۰روپے |

## سوشل آڈٹ ٹیم تشکیل دینا

آپ کے ضلع کے بارہ شہریوں کے ساتھ تربیتی ورکشاپ کے سیشن میں ہم نے مل کر جھل مگسی کے ضلعی بجٹ کا تجزیہ کیا ہے۔یہ بارہ شہری سوشل آڈٹ ٹیم ہیں جو کہ ہمارے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔سوشل آڈٹ ٹیم کو مندرجہ بالا پانچ شعبوں کے بجٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے بعد چار ٹیموں میں تقسیم کیا گیا۔اس ٹیم کے اراکین نے سرکاری دفاتر میں جا کر معلومات لیں تاکہ مختص کردہ بجٹ جس مد میں مختص کیا گیا ہے کیا وہ کافی ہے؟ اور اس کا استعمال کس طریقے سے ہو رہا ہے؟

## ٹیم ارکان کی تحقیق کے نتائج

### صحت:

- ایک ایمبولینس موجود ہے لیکن کارآمد نہیں ہے۔
- ڈاکٹرز ایمبولینس کو اپنے ذاتی استعمال میں لاتے ہیں۔
- سول اسپتالوں کی حالت خستہ ہے اور صفائی بھی نہیں ہے۔
- ڈی ایچ کیو میں شاذونادر ہی کبھی کوئی سرجیکل آپریشن ہوتے ہیں۔

### تعمیر وترقی:

- اے۔ون سڑک کو بجٹ میں ۴۰ لاکھ مختص کئے جانے کے باوجود مرمت اور دیکھ بھال کی ضرورت ہے۔

### خواتین کی ترقی:

- کوئی ایسی معلومات نہیں ملی کہ خواتین کو گرانٹ کئے گئے وظائف کی رقم کہاں خرچ کی گئی ہے۔
- خواتین کے لئے کوئی تربیتی مرکز موجود نہیں ہے۔